

# EASY

## بینکنگ اب آپ کی
## انگلیوں کی نوک پر

ہمارے موبائل ایپ
کے لئے آپ کی گائیڈ

NatWest

# مشمولات


| | |
|---|---|
| تو شروع کرتے ہیں | 3 |
| یہ کیسے کام کرتا ہے | 4 |
| محفوظ اور سیکیور رہیں | 5 |
| اپنے تمام اکاؤنٹس مینج کریں | 6 |
| ادائیگی کرنا | 7 |
| ادائیگی کی حدود | 8 |
| آن لائن خریداری کی منظوری | 9 |
| ڈائرکٹ ڈیبٹس اور اسٹینڈنگ آرڈرز مینج کریں | 10 |
| اپنے ڈیبٹ کارڈ کے بغیر کیش حاصل کریں | 11 |
| اپنے ڈیبٹ کارڈ کو مینج کریں | 12 |
| کورا سے پوچھیں | 13 |
| بیسکس سمجھ میں آگئی ہیں؟ | 14 |
| مفید فیچرز | 15 |




# تو شروع کرتے ہیں




ہمارے فری موبائل ایپ کے ذریعے آپ جہاں سے بھی چاہیں اپنی رقم کومینج کر سکتے ہیں۔ یہ گائیڈ آپ کو وہ سب چیزیں باری باری سمجھائے گی جنہیں آپ کو جاننے کی ضرورت ہے۔

تو آپ کو شروع کرنے کے لئے ان چیزوں کی ضرورت ہے:

- ✓ آئی او ایس یا انڈروئڈ والا موبائل فون یا ٹیبلٹ
- ✓ وائی فائی یا ڈیٹا کے ذریعے انٹرنیٹ تک رسائی۔
- ✓ ایپل ایپ سٹور یا گوگل پلے اکاوَنٹ
- ✓ آپ کی آن لائن بینکنگ کی تفصیلات - اگر آپ پہلے سے رجسٹرڈ نہیں ہیں، تو پھر آپ کوسیٹ اپ کرنے کے لئے صرف اپنے ڈیبٹ کارڈ یا سورٹ کوڈ اور اکاوَنٹ کی ضرورت ہے۔
- ✓ آپ کا اپ ٹوڈیٹ موبائل نمبر جسے آپ نے ہمارے ساتھ رجسٹر کیا ہوا ہے۔

اگر آپ کی ڈیوائس دوسرے لوگ بھی استعمال کرتے ہیں، تو فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، ہمارا سیکیورٹی پروسس آپ کی تمام تفصیلات محفوظ اور سیکیور رکھنے میں مدد کرتا ہے۔

یہ بات ضروری ہے کہ جو ڈیوائس آپ استعمال کر رہے ہیں وہ اس موبائل نمبر کے ساتھ منسلک ہو جو آپ کے لئے ہمارے پاس رجسٹرڈ ہے تاکہ ہم تصدیق کرسکیں کہ ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے والے آپ ہی ہیں۔ کوئی بھی مشترکہ استعمال کی ڈیوائس بھی اسی موبائل نمبر کے ساتھ لنکڈ یعنی منسلک ہونا ضروری ہے۔

آن لائن بینکنگ والے اور یوکے یا کچھ خاص ممالک میں بین الاقوامی نمبر کے حامل صارفین کے لئے کمپیٹبل آئی او ایس اور انڈروئڈ ڈیوائسز پر ایپ موجود ہے +11 عمر والے نیٹ ویسٹ اکاوَنٹ کے صارفین کے لئے آن لائن بینکنگ دستیاب ہے۔

# یہ کیسے کام کرتا ہے

اگر آپ پہلے سے ہی ہمارے ساتھ بینکنگ کرتے ہیں، تو ایپ کے لئے رجسٹریشن کرنا آسان ہے۔

**سٹیپ 1**

ہمارا ایپ ڈاوَن لوڈ کریں یہ سرچ کر کے **"NatWest"** اپنے ایپ سٹور پر۔ یہ والا ایپ سیلکٹ کریں **"NatWest Mobile Banking"**.




**سٹیپ 2**

ایپ کھولیں اور سٹیپ بائی سٹیپ ہدایات پر عمل کریں۔

1. اس پر ٹیپ کریں **"I'm an existing customer"** والا بٹن۔
2. پھر ٹیپ کریں **"Get started"** اور پھر ہمارے ٹرمز اینڈ کنڈیشنز یعنی شرائط و ضوابط دیکھیں اور اگر آپ ان پر راضی ہیں تو باکس کو یہ دکھانے کے لئے ٹک کریں کہ آپ ان کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں، اور پھر ٹیپ کریں **"Get started"** .
3. دس عدد والا وہ کسٹمر نمبر ڈالیں جو آپ آن لائن بینکنگ میں لاگ ان ہونے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ آپ کی تاریخ پیدائش سے شروع ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کسٹمرنمبر نہیں ہے یا آپ بھول چکے ہیں تو پھر ٹیپ کریں **"What's my customer number?"** اور سکرین پر ہدایات پر عمل کریں۔ اس کے لئے آپ کو اپنے ڈیبٹ کارڈ کی ضرورت ہوگی۔
4. اپنا کسٹمر نمبر ڈالیں اور پھر ٹیپ کریں**"Next"**.
5. اپنےآن لائن بینکنگ والے پن اور پاس ورڈ سے مطلوبہ ہندسے ڈالیں ہم کبھی بھی آپ سے آپ کا پورا پاس پن یا پاس ورڈ نہیں مانگیں گے اور آپ کو یہ کسی کو بھی نہیں دینے چاہئیں۔
6. چیک کریں کہ سکرین پر دیا گیا موبائل نمبر صحیح ہے اور ٹیپ کریں **"Confirm"**. اگر نمبر صحیح نہیں، تو ٹیپ کریں **"Not your mobile number?"** اور اسکرین پر ہدایات پر عمل کریں۔
7. ہم آپ کو وہاں ڈالنے کے لئے ایک ایکٹیویشن کوڈ ٹیکسٹ کردیں گے۔ یہ اہم ہے کہ آپ یہ کسی کو نہ بتائیں۔
8. 5تا 8 نمبرز لمبا پاس کوڈ سیٹ اپ کریں جس کو کوئی بھی بھانپ نہ سکے۔
9. کلک کریں **"Done"** اوراب کسی بھی وقت اور کہیں سے بھی بینکنگ کا لطف اٹھائیں۔




کمپیٹیبل آئی فونز پر آپ ٹچ آئی ڈی یا فیس یعنی چہرے کی آئی ڈی اینیبل کرسکتے ہیں، یا اینڈروئڈ فون پر انڈروئڈ فنگرپرنٹس یا چہرے کو پہچاننے والی فیچر آن کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کو اپنا پاس کوڈ یاد کئے بغیر محفوظ طریقے سے لاگ ان کرا سکتی ہے۔

# محفوظ اور سیکیور رہیں

## ہماری سیکیور بینکنگ کا آپ سے وعدہ

خواہ آپ آن لائن بینکنگ استعمال کر رہے ہوں یا ہمارا ایپ، آپ کو تحفظ حاصل ہے **ہماری سیکیور بینکنگ کے وعدے کی بدولت:**

- ✓ ہم آپ کے اکاوَنٹ سے ہونے والی کسی بھی ادائیگی کی رقم آپ کو واپس کر دیں گے، جب تک آپ نے اپنی سیکیورٹی کی معلومات محفوظ رکھی ہوں۔
- ✓ ہم آپ کی حفاظت کے لئے آپ کے اکاوَنٹ کی مانیٹرنگ جدید ترین ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے، 24 گھنٹے آپ کو محفوظ رکھیں گے۔ اگر ہمیں شک پڑجائے کہ آپ کے اکاوَنٹ میں کوئی مشکوک سرگرمی ہورہی ہے، تو ہوسکتا ہے کہ تصدیق کرنے کے لئے ہم فوراً ہی آپ سے رابطہ کریں۔
- ✓ ہم سیکیور رہنے کے لئے آپ کو ٹپس دے کر اور مفت اضافی ٹولز کے ذریعے آپ کو اپنا آپ محفوظ رکھنے میں مدد کریں گے۔ آپ ایپ میں تازہ ترین ایڈوائس حاصل کرنے کے لئے **"Help"** مینیو سے ہمارے سیکیورٹی سینٹر کو براہ راست وزٹ کر سکتے ہیں۔

## حفاظت اور سیکیورٹی

ہم جو بھی کرتے ہیں اس میں ہمارا مطمع نظر آپ کی سیکیورٹی ہوتی ہے۔ ہم انڈیپینڈینٹ ماہرین کی خدمات لیتے ہیں کہ وہ باقاعدگی سے ہمارے سسٹمز کو ٹیسٹ اور اپڈیٹ کرکے تصدیق کریں کہ یہ آپ کی رقم اورکوائف کومحفوظ رکھنے کے لئے ہمارے اعلیٰ معیار پر پورا اترتے ہیں۔

## سیکیور رجسٹریشن

ہم آپ کی ڈیوائس کو ویلیڈیٹ کرتے ہیں قبل اس کے کہ آپ یہ ایپ استعمال کرسکیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ پہلی دفعہ یہ ایپ استعمال کرتے ہیں تو ہم آپ کو ایکٹیویشن کوڈ بھیجتے ہیں۔

## ترقی یافتہ انکرپشن

جب بھی آپ ہمارا موبائل ایپ استعمال کرتے ہیں تو ہم آپ کی ڈیوائس سے ہماری طرف بھیجی جانے والی ساری معلومات انکرپٹ کرتے ہیں۔

## 24/7 اکاوَنٹ مانیٹرنگ

اگر ہمیں شک پڑجائے کہ آپ کے اکاوَنٹ میں کوئی مشکوک سرگرمی ہورہی ہے، تو ہوسکتا ہے کہ ہم فوراً ہی آپ سے رابطہ کریں۔

## ڈیبٹ کارڈ لاک

اگر آپ ڈیبٹ کارڈ کھو دیں تو فوراً انہیں لاک کرسکتے ہیں تاکہ انہیں استعمال نہ کیا جاسکے۔

## محفوظ رہنے کے لئے اضافی اقدامات

- فنگرپرنٹس یا چہرے کی شناخت کے ذریعے لاگ ان سیٹ اپ کریں، اگر آپ کے فون میں یہ سہولتیں میسر ہیں۔ اگر اس میں نہیں ہیں، تو آپ اپنا یونیک 8-5 ہندسوں والا پاس کوڈ استعمال کر سکتے ہیں، تاہم یقین کر لیں کہ یہ ایسا ہو کہ کوئی اسے نہ بھانپ سکے۔
- اگر آپ کا فون یا ٹیبلٹ کھو جائے تو ہمیں مطلع کریں، تا کہ ہم آپ کا ایپ سسپنڈ کر دیں۔

## سکیمز یعنی دھوکہ بازی سے کیسے بچا جائے

- ہم کبھی بھی **آپ سے** آپ کا پورا سیکیورٹی نمبر یا پاس ورڈ نہیں پوچھیں گے، تو اگر آپ سے یہ پوچھے جائیں تو یہ کوئی دھوکہ ہو سکتا ہے۔ کوئی قدم اٹھانے سے پہلےکسی بھروسے والے بندے سے بات کریں۔
- اگر آپ کو ایپ میں سکیم وارننگ نظر آجائے، مثلاً اگر آپ کسی کو ادائیگی کر رہے ہوں، تو اسے احتیاط سے پڑھ لیں اوراگر آپ فکرمند ہوں تو ہمارے ساتھ رابطہ کرلیں۔

**اپنی سیکیورٹی کے لئے:**

1. کسی کو بھی اپنا ایکٹیویشن کوڈ یا لاگ ان تفصیلات نہ بتائیں۔ انہیں اپنے فون میں محفوظ کرنےاورلکھنے سے گریزکریں۔
2. اپنی ڈیوائس کے اپریٹنگ سسٹم اورموبائل ایپ کو اپٹوڈیٹ رکھیں، تاکہ آپ ہمیشہ ہمارے ایپ کے جدید ترین ورژن سے مستفید ہورہے ہوں۔

# اپنے تمام اکاؤنٹس مینج کریں

یہ ایپ آپ کو اپنی رقم مینج کرنے کے قابل بناتی ہےاوراپنے کرنٹ اکاؤنٹ، سیونگز، کریڈٹ کارڈ، قرضے اورمورگیجزپرٹیبزرکھنے میں مدد کرتی ہے۔

لاگ ہونے کے بعد آپ اپنا بیلنس چیک کرسکتے ہیں اور اپنے اکاؤنٹ کا تازہ ترین ٹرانزیکشن دیکھ سکتے ہیں بشمول **پینڈنگ ٹرانزیکشنز کے** جن کا نکلنا ابھی باقی ہیں۔ آپ یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ خرچ کرنے کے لئے آپ کے پاس کتنا بیلنس ہے۔ کتنا بیلنس باقی ہے۔

اگر آپ کے اوورڈرافٹ کا لمٹ ہے تو وہ بھی آپ اپنے اکاؤنٹ بیلنس کے نیچے دیکھ سکتے ہیں۔




اپنے اکاؤنٹس کے بیچ پیسے منتقل کرنا چند سیکنڈز کی بات ہے بس اپنےاس اکاؤنٹ کے نیچے جس سے آپ پیسے ٹرانسفر کرنا چاہتے ہیں **"Make a Transfer"** ٹیپ کریں اور پھر **"Choose Account"** اور آپ جس اکاؤنٹ میں پیسے ڈالنا چاہتے ہیں وہ منتخب کرلیں۔ جتنی رقم آپ ٹرانسفر کرنا چاہتے ہیں وہ ڈالیں، پھر ابھی بھیجیں یا کسی بعد والی تاریخ کو سیلیکٹ کریں اور ٹیپ کریں **"Continue"** پھر **"Make transfer"**. آپ کے سامنے ایک کنفرمیشن اسکرین آئے گی اورآپ اپنی رسید یہاں دیکھ سکتے ہیں۔



# ادائیگی کرنا

آپ کچھ ہی ٹیپس کے ذریعے اپنی فیملی اور دوستوں کو پیسے بھیج سکتے ہیں یا بل ادا کرسکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے کئی طریقے ہیں:

- **موجودہ پے ای کو ادائیگی کرنا:** اگرآپ نے پہلے بھی آن لائن بینکنگ کا استعمال کرکے کسی کو ادائیگی کی ہو، تو ان کی تفصیلات وہاں پہلے ہی سے موجود ہوں گی۔
- **کسی نئے فرد/جگہ کو ادائیگی:** آپ کسی نئے فرد کوان کا سورٹ کوڈ اوراکاوَنٹ نمبراستعمال کرکے ادائیگی کرسکتے ہیں۔
- **اپنے کونٹیکٹس کو پیمنٹ:** آپ کسی بھی ایسے فرد کو ان کا موبائل نمبراستعمال کرکے پیمنٹ کرسکتے ہیں جو موبائل پیمنٹ سروس Paym پررجسٹرڈ ہو۔

1. اپنے اکاوَنٹ پرکلک کریں اورپھر ٹیپ کریں **"Payments"**.
2. اگرآپ کسی کوان کا اکاوَنٹ نمبراورسورٹ کوڈ استعمال کرکے ادائیگی کرنا چاہیں تو ٹیپ کریں **"Payments"** پھر **"Make a Payment"**. اگلی سکرین پر"Select payee" منتخب کریں اور پھر منتخب کریں:
   - **"Pay someone new"**: ان کا نام ڈالیں، اکاوَنٹ کی قسم منتخب کریں **"Personal"** یا **"Business"** جنھیں آپ رقم دے رہے ہیں ان کا اکاوَنٹ نمبراورسورٹ کوڈ ڈالیں۔ آپ کسی پے ای یعنی جنھیں آپ پیمنٹ کر رہے ہوں کونک نیم بھی دے سکتے ہیں، مثال کے طورپر **"Mum"**. کلک کریں **"Verify"**.
   - **"Saved payee"** لسٹ سے منتخب کریں۔
3. اگرآپ کسی کو ان کے موبائل نمبرپرپیمنٹ کرنا چاہیں تو ٹیپ کریں **"Pay your contacts"** پھر ان کے موبائل کا نمبرڈالیں یا ان کا نمبر اپنے فون کے کونٹیکٹس میں سلیکٹ کریں۔
4. پھروہ رقم ڈالیں جوآپ دینا چاہیں۔ پھرابھی بھیجیں یا کسی بعد والی تاریخ کوبھیجیں، سیلیکٹ کریں اورٹیپ کریں **"Continue"** پھر **"Make payment"**. آپ کے سامنے ایک کنفرمیشن اسکرین آئے گی اورآپ اپنی رسید یہاں دیکھ سکتے ہیں۔




آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہونی چاہیئے۔ پیمنٹس کی حدود لاگو ہیں۔
آپ تازہ ترین حدود مندرجہ ذیل ٹیپ کرکے دیکھ سکتے ہیں **"Payment Limits"** ایپ پر **"Payments"** مینیومیں۔




آپ کو شاید اپنا پاس کوڈ، ٹچ آئی ڈی، یا فیس آئی ڈی استعمال کرنی پڑے پیمنٹ کی تصدیق کے لئے۔

اگر آپ کو کوئی میسج آئے جو آپ سے پوچھے کہ کہیں یہ سکیم یعنی فراڈ تو نہیں ہے، تو برائے مہربانی اسے احتیاط کے ساتھ پڑھ لیں اورتسلی کرلیں کہ آپ نے ساری تفصیلات سمجھ لی ہیں۔ اگر آپ کو تشویش ہے، تو مزید آگے جانے سے پہلے کسی ایسے شخص سے بات کرلیں جن پرآپ کو بھروسہ ہو۔

ہم دوسرے بینکوں کے ساتھ یہ چیک کرنے کے لئے کام کرتے ہیں کہ جس شخص کو آپ پیسے دینے جا رہے ہیں اس کا نام مہیا کئے گئے اکاوَنٹ نمبر کے ساتھ میل کھاتا ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ہے کہ یہ کوئی سکیم تو نہیں۔

# ادائیگی کی حدود

ہم فراڈ سے اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لئے ان ادائیگیوں کے حجم اوررقم پرروک لگاتے ہیں جوکہ آپ کرسکتے ہیں۔

## کسی نئے فرد کوادائیگی

"Pay someone new" کے آپشن کو استعمال کرکےآپ ایک دن میں کسی مخصوص اکاوَنٹ نمبراورسورٹ کوڈ کو £1000 تک کی ادائیگی کرسکتے ہیں۔ آپ ایک کام والے دن میں پانچ تک چھوٹی پیمنٹس کرسکتے ہیں، تاہم تمام پیمنٹس کی کل رقم £1,000 سے زیادہ نہیں ہونی چاہیئے۔

## سیوڈ پے ای کو ادائیگی کرنا

اپنے پےایز کی فہرست میں سے کسی کو ان کے اکاوَنٹ کی تفصیلات استعمال کرکے ادائیگی کریں، اگر آپ نےآن لائن بینکنگ کے اندران کی تفصیلات سیو یعنی محفوظ کی ہیں۔

پرسنل اور پریمیئر کسٹمرز کے لئے روزانہ کی حد £20,000 ہے جبکہ بزنس کسٹمرز کے لئے حد £50,000 ہے

## اپنے کونٹیکٹس کو ادائیگی

کسی کو ان کے موبائل نمبرپرادائیگی کرنے کی دن کی حد £250 ہے۔ وصول کنندہ کا PayM پررجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔

یہ حدود فکسڈ ہیں اوردرخواست پریہ تبدیل نہیں کی جاسکتیں۔ اپنے ایپ پر پیمنٹس کی لمٹس دیکھنے کے لئے، اپنے اکاوَنٹ پر ٹیپ کریں اور پھر"Payments" پرجائیں اورپھر **"Payment limits"**.

آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہونی چاہیئے۔ پیمنٹس کی حدود لاگو ہیں۔
آپ تازہ ترین حدود مندرجہ ذیل ٹیپ کرکے دیکھ سکتے ہیں **"Payment Limits"** ایپ پر **"Payments"** مینیو میں۔

زیادہ سے زیادہ روزانہ رقم کام کے دن کے حساب سے ہے، لہٰذا ہفتے اور اتوار کے دن کی گئی ادائیگیاں اگلے کام والے دن کی حد میں شمار ہوں گی۔



# آن لائن خریداری کی منظوری

جب آپ آن لائن شاپنگ کرتے ہیں تو بعض اوقات آپ کو تصدیق کرنے کے لئے کہا جائے گا کہ یہ واقعی آپ ہیں جو خریداری کرنے کے لئے ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ استعمال کر رہے ہیں۔ ایسا آپ محفوظ طریقے سے اپنے فنگرپرنٹس، چہرے کی شناخت یا ایپ پاس کوڈ استعمال کرکے کرسکتے ہیں۔

1. اگرآپ نے اپنی نوٹیفیکیشنزآن کررکھی ہوں، تو آپ نوٹیفیکیشن کو ٹیپ کرکے سیدھا اپنے ایپ میں جاسکتے ہیں اوراوپر **"Approve a Transaction"** پر ٹیپ کرسکتے ہیں۔
2. آپکواپرووول کے لئےمنتظر ٹرانزیکشن وہاں دکھائی دے رہی ہوگی۔
3. تصدیق کریں کہ یہ واقعی آپ ہیں اپنے فنگرپرنٹس، چہرے کی شناخت یا ایپ پاس کوڈ استعمال کرکے۔
4. ٹراانزیکشن کو منظوریا مسترد کریں۔

## اپنے نوٹیفیکیشنزآن کردیں

ٹرانزیکشن کی تصدیق کومزید تیزاورآسان بنانے کے لئے اپنے ایپ پر نوٹیفیکیشنزآن کرنا مت بھولیں۔ جس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کو سیدھا ٹرانزیکشنز کی تصدیق پرلے جایا جائے گا۔ اگر آپ کے پاس انڈروئڈ ڈیوائس ہے تو آپ کو ہوم سکرین پرنوٹیفیکیشنز موصول ہونے کے لئے آٹومیٹکلی رجسٹرڈ کرلیا جائے گا۔ اگرآپ کے پاس آئی فون ہے تو آپ سے رجسٹر کرنے کے وقت پوچھا جائے گا۔ بس اپنے فون کی سیٹنگزپرجائیں اورپھر نوٹیفکیشنزکے نیچے اپنا ایپ تلاش کریں اورانہیں آن کردیں۔




سلیکٹڈ ایپل ڈیوائسز پرفیس آئی ڈی اور ٹچ آئی ڈی دستیاب ہے۔ سلیکٹڈ انڈروئڈ ڈیوائسزپرانڈروئڈ فیشل ریکگنیشن یعنی چہرے کی شناخت اور فنگرپرنٹس کی سہولت موجود ہے۔

# ڈائرکٹ ڈیبٹس اورسٹینڈنگ آرڈرزمینج کرنا

ایپ میں ڈائرکٹ ڈیبٹس کرنے کے لئے:

1. اس اکاوَنٹ میں جائیں جہاں سے آپ ڈائرکٹ ڈیبٹ کرتے ہیں۔
2. کلک کریں **"Direct Debits"**.
3. جس ڈائرکٹ ڈیبٹ میں آپ تبدیلی لانا چاہتے ہیں اس کو سلیکٹ کریں۔ آپ کو سکرین کی نیچے والی جگہ میں کینسل کا آپشن نظر آجائے گا۔




اگرآپ کو کوئی ڈائرکٹ ڈیبٹ کینسل کرنا ہے، تو آپ کو جس دن پیمنٹ ڈیو ہے، شام 8:20 بجے (یوکے کا وقت) سے پہلے ایسا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگرپیمنٹ لی جا چکی ہوگی اورہم اسے واپس نہیں کر پائیں گے۔

یہ ایک اچھا آئیڈیا ہوگا کہ آپ کا ڈائرکٹ ڈیبٹ جن کے ساتھ ہے آپ انہیں مطلع کردیں کہ اسے کینسل کیا جارہا ہے۔

آپ اپنے موجودہ پے ایزکو 20,000 پاوَنڈ تک کا اسٹینڈنگ آرڈرسیٹ اپ کرسکتے ہیں - بلکہ یہ آپ اپنے اکاوَنٹس کے درمیان بھی کرسکتے ہیں۔ ہمیں ایپ پراسٹینڈنگ آرڈر سیٹ اپ کرنے، اس میں ترمیم کرنے یا کینسل کرنے کے لئے دو دن کا نوٹس درکار ہوگا۔

1. سلیکٹ کریں **"Standing orders"** اس اکاونٹ سے جہاں سے اس کی ادئیگی ہونی ہو۔
2. پھرٹیپ کریں **"Create"** دائیں والے اوپری کونے پر۔
3. اسٹینڈنگ آرڈرسیٹ اپ کرنے کے لئے ہدایات پرعمل کریں۔

اسٹینڈنگ آرڈرکینسل کرنے کے لئے، سلیکٹ کریں **"Cancel Standing Order"** والا آپشن، سکرین کے نیچی والی جگہ پر۔ آپ تفصیلات کو تبدیل کرنے کے لئے اسکرین کے دائیں والے اوپری کونے پر **"Amend"** ٹیپ کرکے۔



# اپنےڈیبٹ کارڈ کے بغیرکیش حاصل کریں

جی ہاں، آپ اپنے ڈیبٹ کارڈ کے بغیربھی کیش حاصل کرسکتے ہیں۔ اس کےبجائے **“Get Cash”** اپنی ایپ پراستعمال کریں۔




1. کسی بھی نیٹ ویسٹ، رائل بینک آف اسکاٹ لینڈ (اسکاٹ لینڈ میں)، السٹر بینک ناردرن آئرلینڈ یا ٹیسکوکیش مشین پرجائیں۔
2. اپنی ایپ کھولیں اور **“Get Cash”** کوٹیپ کریں نیچے والی جگہ میں۔
3. جتنی رقم چاہیے وہ منتخب کریں اورفوری استعمال کے لئے **“Reveal code”** ٹیپ کریں۔
4. کیش مشین پر **“Enter”** دبائیں اور پیسے نکالنے کے لئے ہدایات پرعمل کریں۔

نیٹ ویسٹ، رائل بینک آف اسکاٹ لینڈ (اسکاٹ لینڈ میں)، السٹر بینک ناردرن آئرلینڈ یا ٹیسکو اے ٹی ایمزپرہر24 گھنٹے میں 130 پاوَنڈز تک نکالیں۔ آپ کے اکاوَنٹ میں کم از کم 10 پاوَنڈ ہونے چاہئیں اورآپ کے پاس ایک ایکٹیو ڈیبٹ کارڈ ہونا چاہیے(لاکڈ یا ان لاکڈ)

# اپنے ڈیبٹ کارڈ کو مینج کریں

آپ کا اپنے ایپ کے ذریعے سب چیزوں پر کنٹرول ہوتا ہے۔ اپنے پیسوں کو مزید محفوظ بنانے کے لئے آپ اپنے ڈائرکٹ سے کی جانے والی پیمنٹس کی اقسام کو آف اور آن کرکے کنٹرول کرسکتے ہیں۔

اگر آپ اپنا ڈیبٹ کارڈ کھو دیں تو آپ اس کو لاک کر سکتے ہیں تاکہ کوئی اور اس کو استعمال نہ کرسکے۔ آپ پھر بھی ہمارا **"Get Cash"** والا فیچر استعمال کرسکتے ہیں، چاہے آپ کا کارڈ لاک ہی کیوں نہ ہو۔ جب آپ کو اپنا کارڈ مل جائے آپ اسے دوبارہ ان لاک کرسکتے ہیں۔

کنٹرولز کو آن کرنے کے لئے آپ کو:

1. اپنے ایپ میں لاگ ان کرنا ہے اور اس اکاؤنٹ کو ٹیپ کرنا ہے جس کے ساتھ کارڈ لنکڈ ہے۔
2. جائیں **"Manage my card"** پر اور ٹیپ کریں **"Card payment controls"**. پھر آپ منتخب کرسکتے ہیں کہ آپ کونسے پیمنٹ کنٹرولز آف یا آن کرنا چاہتے ہیں، اس بات پر انحصار کے ساتھ کہ آپ اپنا کارڈ کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ یہ اتنا آسان ہے۔

اپنا کارڈ لاک/ان لاک کرنے کے لئے آپ کو:

1. اپنے ایپ میں لاگ ان کرنا ہے اور اس اکاؤنٹ کو ٹیپ کرنا ہے جس کے ساتھ کارڈ لنکڈ ہے۔
2. سیلکٹ کریں **"Manage my card"**. اپنے کارڈ کو فوری طور پر لاک کرنے کے لئے
   - ٹوگل بٹن استعمال کریں۔ اب آپ کا کارڈ کسی بھی خریداری یا اے ٹی ایم مشین سے پیسے نکالنے کے لئے استعمال نہیں ہوسکتا۔
3. اگر آپ کو اپنا کارڈ دوبارہ مل جائے تو اس کو فوری طورپر ان لاک کرنے کے لئے انھی سٹیپس کو دہرائیں۔



# کورا سے پوچھیں







کورا ہماری ڈیجیٹل اسسٹنٹ ہے، جو آپ کو ہماری ویب سائٹ پر آن لائن بینکنگ میں **"Help"** والے سیکشن میں موبائل بینکنگ کی ایپ میں ملے گی۔

کورا کبھی نہیں سوتی، لہٰذا وہ 24/7 دستیاب ہوتی ہے اور روزمرہ کی انکوائریز میں مدد دے سکتی ہے جیسا کہ پیمنٹس کرنا، اپنی حالیہ ٹرانزیکشنز سمجھنا یا آپ کے ڈائرکٹ ڈیبٹس اور سٹینڈنگ آرڈرز میں سپورٹ دینا۔

اگر وہ آپ کی مدد سے قاصر ہو تو جو آپ چاہتے ہوں اس کے لئے وہ آپ کی صحیح جانب رہنمائی دے سکے گی۔

# بیسکس سمجھ میں آگئی ہیں؟

ایک دفعہ جب آپ اپنی بنیادی بینکنگ والی ضروریات کے ماہر بن جائیں، پھر ہمارے زیادہ ایڈوانسڈ فیچرز چیک کریں، جیسا کہ **"Spending"** کا ٹیب، اپنی ماہانہ اخراجات کرنے کی عادات کو ٹریک کرنے کے لئے اور اپنے **"Budgets"**.

سیٹ کرنے یا اپنا کریڈٹ سکور چیک کرنے کے لئے، کلک کریں **"Profile"** ٹیب پھر **"Credit Score"**. آپ کے ایپ میں آپ کے لئے اپنا کریڈٹ سکور چیک کرنا مفت ہے اور ہم اسے ہر ماہ اپڈیٹ کرتے ہیں۔ اس طرح آپ اپنی کریڈٹ ہیلتھ کا ایک اپ ٹو ڈیٹ خاکہ حاصل کرسکتے ہیں۔

آپ کی عمر +16 ہونی چاہیئے۔ یہ صرف پرسنل اور پریمئیر کرنٹ اکاؤنٹس کے لئے دستیاب ہے۔

کریڈٹ سکور یوکے کے ایڈریس والے +18 عمر والے صارفین کو دستیاب ہیں جب آپ ایک دفعہ ایپ کے ذریعہ آپٹ ان کرتے ہیں اور اسے ٹرانس یونین مہیا کرتا ہے۔









# مفید فیچرز




**مجھے دکھائیے**

اپنے ایپ میں تازہ ترین فیچرز کے ساتھ اپنا آپ اپڈیٹ رکھیں بذریعہ **"Help"** مینو۔

**میرے قریب**

کیش پوائنٹ ڈھونڈ رہے ہیں؟ اپنی قریب ترین اے ٹی ایم یا شاخ معلوم کریں۔ بس صرف اپنے موبائل ایپ میں لاگ ان کریں اور سیلکٹ کریں **"Help"** پھر **"Near me"**.

اپنے ایپ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں سکرین کے نیچی والی جگہ پر **"Help"** ٹیپ کرکے اور پھر **"Get started"** تاکہ آپ ملاحظہ کرسکیں تیز اور آسان **"How to Guides"**.

**آپ کے لئے خصوصی آفرز**

جائیں **"Apply"** ٹیب پر وہ پراڈکٹس دیکھنے کے لئے جن کے لئے آپ اپلائی کرنا چاہیں اور اگر آپ کے لئےاوورڈرافٹس، قرضوں، کریڈٹ کارڈ یا مورگیجز کے خصوصی آفرز موجود ہوں۔

NatWest